© rasailojaraid.com



المیزان سہ ماہی اسلام آباد، شمارہ نمبر ۴۔۵۔ مدیر اعلیٰ: محمد امین شہیدی۔

قیمت فی شمارہ: ۳۵ روپے۔ رابطہ: P.O:۱۳۴۷ اسلام آباد

مملکت عزیز پاکستان میں مجلات ور سائل ہفت روزوں، ماہناموں اور سہ ماہی رسالوں کی شکل میں سینکڑوں کی تعداد میں نکلتے ہیں۔ ان میں سے بعض دینی رسائل اور جرائد ہیں لیکن اس میدان میں دینی صحافت کے حوالے سے ٹھوس اور تحقیقی کام کی ضرورت تاہنوز باقی ہے اور ایسے مجلات و جرائد کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے جس میں ریسرچ و تحقیق اور مضبوط علمی بنیادوں پر کام ہو رہا ہو۔ اب الحمدللہ کچھ عرصہ سے ہمارے ارباب علم و دانش نے اس طرف توجہ دی ہے اور اس سلسلہ کی ایک کڑی "المیزان" اسلام آباد ہے جو کہ ظاہری حسن و خوبی کے علاوہ مضامین کی ندرت تنوع اور تحقیق و ریسرچ کے لحاظ سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ تبصرہ لکھتے وقت راقم کے پاس اس کے دو پرچے شمارہ نمبر ۴ اور نمبر ۵ ہے۔ تعارف تفاسیر میں ڈاکٹر محمد طفیل کا تحقیقی مقالہ تفسیر بیضاوی پر حاشیہ سیالکوٹی اہم مضمون ہے۔ علاوہ ازیں ڈاکٹر غلام مرتضیٰ ملک کا وحی کی حقیقت ایک جائزہ اور جناب ثاقب اکبر کا دل کی حقیقت قرآن کی نظر میں اسی طرح شمارہ نمبر ۵ کے مضامین میں اہل ذوق کی علمی تسکین کیلئے معتدبہ سامان موجود ہے۔

---

امام ابو حنیفہؒ کی محدثانہ حیثیت۔ تالیف: مفتی حفیظ الرحمان صاحب۔ ضخامت: ۱۹۰ صفحات

قیمت: درج نہیں۔ دار التصنیف والتالیف دار العلوم سعیدیہ اوگی ضلع مانسہرہ۔

امام اعظم ابو حنیفہؒ کی فقہی شان اور محدثانہ حیثیت و مقام سے ایک دنیا واقف ہے یہی وجہ ہے کہ عالم اسلام کا تین چوتھائی حصہ حضرت الامام کے مسلک کا پیرو ہے لیکن مقام افسوس ہے کہ بعض کج فہم تعصب کی اساس پر آپ کی شان رفیع کو گھٹانے کی سعی نامشکور میں مشغول ہیں اس لئے ہر دور میں علماء کرام نے امام اعظم ابو حنیفہؒ کے بارے میں مخالفین کے بے بنیاد پروپیگنڈہ کا مؤثر جواب دیا ہے۔ زیر تبصرہ رسالہ در حقیقت دوسری بنوں فقہی کانفرنس کیلئے بطور مقالہ لکھا گیا تھا۔ بعد میں اس میں مؤلف نے مزید اضافہ جات کر کے اس کو کتابی شکل دیدی۔ فاضل مؤلف نے اختصار اور جامعیت کے ساتھ موضوع کے متعلق مباحث احتواء کیا ہے۔

---



© rasailojaraid.com